**09.04.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ کلیم احمد

**Music**

☆ ریزرو بینک نے ریپو شرحِ سود میں ایک چوتھائی فیصد کی کٹوتی کی ہے جس سے یہ چھ فیصد ہوجائے گی۔ RBI نے ترقی کو بڑھاوا دینے کی خاطر لچکدار موقف اختیار کیا ہے۔

☆ ریزرو بینک نے موجودہ مالی سال کے دوران GDP کی شرحِ ترقی کا تخمینہ کم کرکے اِس کے ساڑھے چھ فیصد رہنے کی بات کہی ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آب و ہوا کی تبدیلی کو سب سے بڑا بحران قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ پائیدار طرزِ زندگی اِس کا حل ہے۔

☆ BIMSTEC ملکوں کے وزراء زراعت کی میٹنگ آج کاٹھمنڈو میں ہورہی ہے۔

☆ چین پر امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے عائد 104 فیصد کا جوابی محصول نافذ ہوگیا ہے۔ بھارت سے ہونے والی درآمدات پر 26 فیصد محصول کا اطلاق بھی ہوگیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں : آج شام احمد آباد میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**RBI-POLICY**

ریزرو بینک آف انڈیا نے اپنی پالیسی ریپوریٹ میں ایک چوتھائی فیصد کی کٹوتی کی ہے اور یہ چھ فیصد ہوگئی ہے۔ پچھلے پانچ سال میں یہ لگاتار دوسرا موقع ہے کہ جب ریزرو بینک نے پالیسی ریپوریٹ میں کٹوتی کی ہے۔ اِس سے پہلے اُس نے فروری میں ایسا کیا تھا۔ ریزرو بینک کے گورنر سنجے ملہوترا نے آج ممبئی میں یہ اعلان کرتے ہوئے کہا کہ چھ ارکان پر مشتمل کمیٹی نے مالی سال کی پہلی میٹنگ میں مذکورہ شرح کم کرنے کیلئے اتفاق رائے سے منظوری دی۔

اِس کے نتیجے میں Standing Deposit Facility شرح پونے چھ فیصد ہوجائے گی جبکہ Marginal

Standing Facility شرح اور بینک شرح سوا چھ فیصد رہے گی۔ مالی پالیسی کمیٹی نے 2025-26 میں GDP کی شرحِ ترقی ساڑھے چھ فیصد رہنے کا اندازہ لگایا ہے جبکہ اِس سے پہلے اِس شرح کے چھ اعشاریہ سات فیصد رہنے کی بات کہی گئی تھی۔ اِس کے علاوہ خردہ افراط زر کی شرح سال 2025-26 میں چار فیصد رہنے کی امید ہے۔x

**PM-NAVKAR**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آب و ہوا کی تبدیلی کو آج کا سب سے بڑا بحران قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ پائیدار طرزِ زندگی اِس کا حل ہے، جس پر جین برادری صدیوں سے عمل کرتی آئی ہے۔ وزیر اعظم نے یہ بات نئی دلّی میں Navkar مہا منتر دِوس کے موقع پر ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب مودی نے کہا کہ جین برادری کے لوگ صدیوں سے سادگی، ضبط وتحمل اور پائیدار نظام کے اصولوں پر عمل پیرا ہیں۔ Navkar مہا منتر کے فلسفے کو اُجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ترقی یافتہ بھارت کے تصور سے منسلک ہے۔

جناب مودی نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ 9 باتوں کا عہد کریں۔ یہ ہیں: پانی کی بچت، ماں کے نام ایک پیڑ، صفائی ستھرائی کا مشن، ووکل فور لوکل، اندرونِ ملک سیاحت، قدرتی کھیتی کا طریقہ اختیار کرنا، صحتمند طرزِ زندگی اپنانا، یوگ اور کھیلوں کو اپنی زندگی میں شامل کرنا اور غریبوں کی مدد کرنا۔

وزیر اعظم نے بھارت کی تاریخ میں جَین مذہب کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پراکرت اور پالی کو، کلاسیکی زبانوں کا درجہ دیا گیا ہے، کیونکہ علم کو محفوظ رکھنا سرکار کی ذمہ داری ہے۔ وِکست بھارت کے نظریے کا تذکرہ کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ترقی یافتہ بھارت کا مطلب ترقی کے ساتھ ساتھ وراثت ہے۔ جناب مودی نے بتایا کہ سرکار ''گیان بھارتم مشن'' کا آغاز کرے گی۔

**PREZ VISIT SLOVAKIA**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو پرتگال کے دورے کے بعد آج صبح سویرے سلوواکیہ کی راجدھانی Bratislava پہنچ گئیں۔ صدر جمہوریہ کا یہ سرکاری دورہ تاریخی اہمیت کا حامل ہے اور یہ 29 سال کے وقفے کے بعد ہورہا ہے۔ سلوواکیہ کے صدارتی محل میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کا شاندار انداز سے استقبال کیا گیا۔ اِس موقع پر سلوواکیہ کے صدر وہاں موجود تھے۔ محترمہ دروپدی مرمو نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا۔ صدارتی محل میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور سلوواکیہ کے صدر Peter Pellegrini کے درمیان بالمشافہ اور وفود کی سطح کی بات چیت ہورہی ہے۔ x

**BENGAL BIMSTEC**

کثیر رخی تکنیکی اور اقتصادی اشتراک سے متعلق خلیج بنگال پہل BIMSTEC ملکوں کے وزراء زراعت کی میٹنگ آج کاٹھمنڈو میں ہورہی ہے۔ اِس میں بھارت کی نمائندگی زراعت کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان کررہے ہیں۔ بھوٹان کے وزیر زراعت میٹنگ میں شرکت کے لئے کَل شام وہاں پہنچے۔

BIMSTEC کے سات ممبر ملکوں میں سے تین ملکوں کے زراعت کے وزیر میٹنگ کے مقام پر موجود رہ کر اس میں شرکت کررہے ہیں جبکہ بقیہ ملکوں کے وزراء ورچوئل وسیلے سے اِس میں شریک ہیں۔ نیپال کے وزیر زراعت رامناتھ ادھیکاری وزراتی میٹنگ کی صدارت کررہے ہیں۔ x

**FM-UK VISIT**

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ بھارت غیر ملکی بینکوں کیلئے ترقی اور فروغ کے سازگار مواقع دستیاب کراتا ہے اور سرکار بینکاری شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کیلئے سرگرمی کے ساتھ کام کررہی ہے۔ محترمہ سیتا رمن لندن میں بھارت-برطانیہ سرمایہ کار گول میز مذاکرات سے خطاب کررہی تھیں۔

وزیر خزانہ نے پائیدار معاشی ترقی اور سرمایہ کاری کے موقعوں کے لئے سرکار کی ترجیحات کو اجاگر کیا، جس سے نئے بھارت کی تعمیر میں تقویت مل رہی ہے۔ محترمہ سیتا رمن نے یہ بھی کہا کہ بھارت سال 2032 تک دنیا کی چھٹی سب سے بڑی بیمہ مارکیٹ بننے کی سمت گامزن ہے اور یہ جی ٹوئنٹی ملکوں میں سب سے تیز رفتار کے ساتھ ترقی کرنے والی بیمہ مارکیٹ میں سے ایک ہے۔ x

**TRUMP TARIFF**

چین سے ہونے والی درآمدات پر امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے عائد 104 فیصد کا جوابی محصول نافذ ہوگیا ہے۔ وائٹ ہاؤس نے اِس بات کی تصدیق کی ہے۔ صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے چین کو یہ الٹی میٹم دیا تھا کہ وہ امریکی سامان پر اپنا جوابی 34 فیصد ٹیکس واپس لے۔ اِسی کے بعد یہ قدم سامنے آیا ہے۔ اِدھر بھارت سے ہونے والی درآمدات پر 26 فیصد محصول کا اطلاق بھی آج سے ہوگیا ہے۔

مرکزی وزیر پیوش گوئل نے امریکی محصولات کے اثرات کے بارے میں کہا کہ سرکار باہمی تجارتی سمجھوتے پر کام کررہی ہے جیسا کہ فروری میں وزیر اعظم نریندر مودی اور امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے درمیان طے ہوا تھا۔

**ASIAN MARKET**

امریکہ کی جانب سے چین سے ہونے والی درآمدات پر **104** فیصد کا زبردست محصول عائد کرنے سمیت جوابی محصولات نافذ کرنے کے تناظر میں ایشیائی شیئر بازاروں میں آج پھر گراوٹ دیکھنے میں آئی ہے۔ جاپان کا **Nikkei** اشاریہ **225** پوائنٹ یعنی چار فیصد نیچے آگیا جبکہ جنوبی کوریا، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کے شیئر بازاروں میں بھی گراوٹ آئی۔

چین کے **Blue Chips** میں ایک اعشاریہ دو فیصد کی گراوٹ آئی جبکہ ہانگ کانگ کا **Hang Seng** اشاریہ تین اعشاریہ ایک فیصد نیچے آگیا۔ اُدھر امریکی شیئر بازاروں کی حالت بھی کوئی اچھی نہیں ہے۔ وہاں گزشتہ **50** سال میں اب تک کی سب سے بڑی گراوٹ میں اشاریہ چار اعشایہ دو فیصد نیچے آگیا۔**x**

**BIHAR ACCIDENT**

بہار کے بیگوسرائے ضلعے میں بجلی گرنے کے واقعات میں کم از کم **8** افراد کی موت ہوگئی جبکہ کئی لوگ زخمی ہوگئے۔ موسمیات محکمے نے اگلے **24** گھنٹے کے دوران ریاست کے مشرقی اور شمالی حصوں میں بارش ہونے اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اِدھر دربھنگہ، شیوہر، سیتامڑھی اور کھگڑیا ضلعے سمیت مختلف حصوں میں آج صبح بارش ہوئی۔**x**

**IPL-CRICKET**

آئی پی ایل کرکٹ میں آج شام احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

کل رات چنڈی گڑھ میں کھیلے گئے میچ میں پنجاب کنگز نے چنئی سپرکنگز کو **18** رن سے ہرا دیا۔ اُدھر کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں کھیلے گئے ایک میچ میں لکھنؤ سپرجائنٹس نے میزبان کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو چار رن سے شکست دی۔ **x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆